Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

10 مئی 2024

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کی جانب سے 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں ملک کی سب سے بڑی سیاسی اور کروڑوں پاکستانیوں کی نمائندہ جماعت کیخلاف ریاستی وسائل سے برپا کیا گیا جھوٹا، زہریلا، گمراہ کن اور بے بنیاد پراپیگنڈہ مسترد

- ڈی جی آئی ایس پی آر کی حالیہ پریس کانفرنس غیر آئینی، غیر قانونی، اختیارات سے تجاوز اور تضادات کا مجموعہ اور افواجِ پاکستان کی ساکھ اور آئینی کردار کیلئے نہایت منفی اثرات کی حامل قرار دے کر مسترد
- ڈی جی آئی ایس پی آر کی جانب سے کروڑوں پاکستانیوں کی نمائندہ سیاسی جماعت کو "انتشاری گروہ" قرار دے کر "معافی" کا مطالبہ بھی متفقہ طور پر مسترد
- پاکستان تحریک انصاف خصوصاً بانی چیئرمین عمران خان نے تسلسل سے 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کی مذمت کی اور جلاؤ گھیراؤ، نہتے شہریوں کے بہیمانہ قتل سمیت پر تشدد واقعات کے ذمہ داروں کے تعین کیلئے اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔
- 9 مئی 2023 کے فالس فلیگ آپریشن کے خلاف ملک گیر پر امن احتجاج کو ننگے ریاستی جبر و فسطائیت سے کچلنے اور بنیادی سیاسی حقوق غصب کرنے کی انتظامی کوششوں کی شدید مذمت

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- چادر اور چار دیواری کے تقدس کی پامالی، تحریک انصاف کے قائدین و کارکنان کے گھروں کے غیر قانونی محاصرے اور پرامن مظاہرین پر تشدد کی بھی شدید مذمت
- کور کمیٹی کی جانب سے 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کی آزادانہ، غیر جانبدارانہ اور اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کے اصولی مطالبے کا اعادہ
- 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کو کچلنے کی کوششیں ترک کر کے سیاست اور اہلِ سیاست کیخلاف جاری انتقامی سلسلہ فوری طور پر روکنے کا مطالبہ

8 فروری کے عام انتخابات کے بعد عوامی مینڈیٹ پر ڈالے گئے ڈاکے اور نگران وزیراعظم نورالحق کاکڑ کے بیان کی اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کے مطالبے کا بھی اعادہ

- کور کمیٹی کی جانب سے پنجاب میں چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے انتخابی ٹریبونلز کیلئے ججز کی نامزدگیوں کے عمل میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کی مداخلت کی شدید الفاظ میں مذمت
- آزادانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف انتخابات کے انعقاد کے دستوری فریضے کی انجام دہی میں ناکام الیکشن کمیشن کی جانب سے انتخابی عمل میں پیہم مداخلت مجرمانہ اور یکسر ناقابلِ قبول قرار
- مرکز اور پنجاب میں حکمران جماعت کی جانب سے این اے 148 ملتان میں ضمنی انتخابات کے دوران جعلی سازی سے نواز شریف کی تصاویر لگا کر تحریک انصاف کے امیدوار کی انتخابی مہم پر منفی اثر ڈالنے اور عوام کو گمراہ کرنے کی کوششوں کی بھی شدید مذمت

Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

کور کمیٹی اراکین کی جانب سے گوادر میں بے گناہ پاکستانیوں کے بہیمانہ قتل پر نہایت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین سے ہمدردی و یکجہتی کے اظہار کے ساتھ ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لانے اور سیکیورٹی اداروں کو سیاست میں مداخلت کی بیہودہ روایت ختم کرکے شہریوں کی سلامتی کے فرض کی ادائیگی پر توجہ مرکوز کرنے کا مطالبہ

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk